© rasailojaraid.com

تبصرۂ کتب

نوٹ:☆ تبصرہ کے لیے دو کتابیں بھیجنا لازمی ہے۔
☆ کتابیں مرکزی دفتر کے پتا پر ارسال کیجیے۔

# تحفظ عقائد اہلسنّت

مرتب: مولانا عبدالرحیم چار یاری
صفحات: 812۔ طباعت: مناسب۔ قیمت: 300 روپے (رعایتی)
ملنے کا پتا: جامعہ حنفیہ، امداد ٹاؤن شیخوپورہ روڈ فیصل آباد۔ رابطہ نمبر: 0321-7837313

آج سے قریباً بیس بائیس برس قبل سعودیہ کے ایک بریلوی مشرب عالم محمد بن شیخ علوی مالکی مرحوم کی کتاب مفاہیم یجب ان تصحح منظر پر آئی اور اس کا اردو ترجمہ پاکستان میں ''اصلاح مفاہیم'' کے نام سے شائع کیا گیا۔ اس کتاب میں بظاہر بریلوی دیوبندی قربت کی سعی کی گئی مگر ساتھ ہی بہت سے ایسے عقائد ونظریات بھی علماء دیوبند کے سر منڈھ دیے گئے جن کا سرے سے علماء دیوبند سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ حضرت مولانا مفتی عاشق الٰہی صاحب مہاجر مدنی رحمہ اللہ کے الفاظ میں...... ''اس میں کوشش کی گئی ہے کہ دیوبندیت میں بریلویت داخل کرائی جائے اور بریلویوں کی بہت سی چیزوں کو برداشت کرلیا جائے۔''...... طرفہ یہ کہ اردو ایڈیشن میں متعدد علماء دیوبند کی تقریظات بھی اس کتاب میں شامل کی گئیں تاکہ کتاب کو 'مستند' ہونے کا درجہ حاصل ہوجائے۔ اہلِ نظر نے اسی وقت بھانپ لیا تھا کہ اس کتاب میں نہایت چابک دستی کے ساتھ علمائے دیوبند کے عقائد ونظریات کو داغ دار کرکے اپنے مبتدعانہ نظریات کو درست ثابت کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ چنانچہ اہل علم نے اس کتاب کا بروقت نوٹس لیا اور 'اصلاحِ مفاہیم' کا مکمل تجزیہ وتخطیہ کرکے درست مفاہیم کو واضح کیا۔ اکابر دیوبند حضرت مولانا مفتی عبدالستار صاحب رحمہ اللہ، حضرت مولانا مفتی عبدالشکور ترمذی صاحب رحمہ اللہ، حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی شہید رحمہ اللہ، مولانا قاضی مظہر حسین صاحب رحمہ اللہ، مولانا مفتی محمد عاشق اِلٰہی صاحب رحمہ اللہ، مولانا محمد امین اوکاڑوی صاحب رحمہ اللہ، حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی، مولانا مفتی عبدالواحد مدظلہم نے اپنی تحریرات کے ذریعے علماء اور عامۃ الناس کو اس فتنے سے آگاہ کیا۔ اس سلسلے میں اس وقت جتنے مضامین لکھے گئے یا علماء حق اور علوی مالکی کے مؤید علماء کے مابین جو خط کتابت ہوئی ان سب کو زیرِ تبصرہ کتاب میں جمع کردیا گیا ہے۔ مرتب کتاب مولانا عبدالرحیم


© rasailojaraid.com